آئینۂ

بریلویت

آج کل چونکہ رضا خانی فرقہ قرآن وسنت سے عوام کی ناواقفیت سے ناجائز فائدہ اُٹھاتے ہوئے اپنے "علیحضرت" کے "دین و مذہب" کی نشرواشاعت میں بڑی شدومد سے مصروف ہے۔اوراپنے زہریلے پروپیگنڈے کے ذریعہ ناواقف عوام کو باور کرایا جارہا ہے کہ صرف اورصرف رضا خانی حضرات ہی اصلی اسلام کے علمبرداراورحقیقی اہلسنت والجماعت ہیں۔نیز وہی سچے پکے حنفی ہیں۔ایسی صورت حال جب رونما ہوجائے تو پھرواقف کاروں اوراہل علم حضرات پر یہ فرض اورزیادہ ہوجاتا ہے کہ وہ بھولے بھالے عوام کو باطل سے آگاہ اور حق سے روشناس کرائیں۔اسی جذبہ کے ماتحت ہم نے یہ ارادہ کیا ہے کہ چھوٹے چھوٹے پمفلٹوں کے ذریعہ عوام الناس تک حق کی آواز پہنچائیں اورانہیں باطل سے آگاہ وخبردارکریں۔چناچہ سردست ہم " آئینہء بریلویت"کے نام سے یہ پمفلٹ آپ کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں۔تمام حوالہ جات ہم نے خوداصلی کتُب سے دیکھکرنقل کئے ہیں۔انشاءاللہ آپ ان حوالہ جات میں کسی قسم کی خیانت یا قطع وبرید نہیں پائیں گے۔اب آپ کا یہ فرض ہے کہ اس آوازحق کوزیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچانے کی کوشش کریں۔

١۔ تمام دینی عقائدومسائل قرآن وسنت سے اخذ کئے جاتے ہیں۔لیکن چونکہ احمدرضاخان صاحب نے ایک نیادین اپنے فرقہ کے سامنے پیش کیا ہے۔اس لئے مرتے وقت اپنے متبعین اور پیروکاروں کو یہ وصیت کرتے ہیں "حتیٰ الامکان اتباع شریعت نہ چھوڑواور میرا دین و مذہب جو میری کتب سے ظاہر ہے،اس پر مضبوطی سے قائم رہنا ہرفرض سے اہم فرض ہے"۔(وصایا شریف ص ٩)

٢۔ یہی وجہ ہے کہ احمدرضا خاں صاحب کے پیروکاراُن کے بارے میں یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ وہ بریلویوں کیلئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے مبعوث ہوئے ہیں۔چنانچہ ایک مقام پرلکھاہے "ولا ھل السنۃ من اللہ احمد رضا" (خالص الاعتقادص ٦)۔یعنی اصل سنت (بریلویوں) کیلئے اللہ تعالیٰ کی جانب سے احمدرضاخان صاحب مبعوث ہوئے ہیں۔

٣۔ اسی بناء پر بریلویوں کا یہ عقیدہ ہے کہ انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کی طرح احمد رضا خاں صاحب ہرقسم کی غلطیوں سے معصوم ہیں بلکہ لغزشوں سے بھی انہیں معصوم سمجھا جاتا ہے۔چناچہ موتف "انشاء احمدرضا" نے "لغزش سے محفوظ رہنا" کا عنوان قائم کرکے لگا ہے "اللہ تعالیٰ نے آپ (احمدرضا خاں صاحب) کواسطرح اپنی حفاظت میں لے لیا کہ آپ کا قول وفعل اورتحریرلغزش سے محفوظ رہے۔چندسطروں بعد لکھتے ہیں "اعلیحضرت قدس سرہ کی زبان مبارک اورقلم شریف نقطہ برابرخطا کرے خدا تعالیٰ نے اس کو ناممکن بنا دیا ہے "انشاہ احمد رضا ص ١٧٩ و ص ١٨٠) بہرحال ثابت ہوگیا کہ بریلوی حضرات احمدرضا خاں صاحب کو اللہ تعالیٰ کی جانب سے بھیجا ہوا پیغمبر یقین کرتے ہیں اوران کے بارے میں یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ ان کا قول،فعل،تحریر،زبان مبارک اورقلم شریف نقطہ برابرخطا کرے اللہ تعالیٰ نے اس کو ناممکن بنادیا ہے۔اورخوداحمدرضا خان صاحب بھی یہ وصیت کرگئے ہیں کہ "میرا دین ومذہب جو میری کتب سے ظاہر ہے،اس پرمضبوطی سے قائم رہنا ہرفرض سے اہم فرض ہے"اس لئے اب ہم احمدرضا خان صاحب کے "دین و مذہب" کی چند باتیں آپ کے سامنے پیش کرتے ہیں۔